رسید تحائفِ احباب

مجلہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل تحائف ہمیں بھیجے ہیں ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالی سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین ۔ مجلس ادارت)

دارالفیض گنج بخش لاہور سے جناب میاں زبیر احمد صاحب قادری نے حسب ذیل علمی تحائف ارسال فرمائے ہیں: نماز، مرتبہ خلیل احمد رانا۔

۔محفل نعت میں حاضری کے آداب، مقالہ نگار محمد شہزاد مجددی

A Manual of Islamic Prayers مرتبہ محمد ریاض قادری صاحب......

تینوں تحفے خوبصورت عمدہ اور لذیذ ہیں۔ اللہ تبارک وتعالی مرتبین، مفکرین، ناشرین اور مؤلفین کو اجر جزیل عطا فرمائے۔

جہلم سے صاحبزادہ محمد بدرالاسلام صاحب نے ہادی دوعالم ﷺ کا حج مبارک، نامی کتاب ارسال کی ہے جو ۱۹۰ صفحات پر مشتمل ہے۔ یہ کتاب مختصر مگر جامع طور پر رسول مقبول ﷺ کے حج کا مکمل طریقہ بیان کرتی ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضور ﷺ نے حج کیسے فرمایا، آپ کہاں کہاں سے گزرے، کہاں کہاں قیام فرمایا، کس کس کو اپنے فیض سے شادکام فرمایا، اس مبارک سفر میں کس سے کیا مبارک گفتگو فرمائی، مناسک حج کی ترتیب کیا رہی، اس دوران کن احکامات ونصائح سے اپنے ہم سفروں کو مشرف فرمایا......... وعلی ہذا القیاس......... موضوع کے اعتبار سے یہ نہایت عمدہ اور فیض بار کتاب ہے۔ تحقیق کے لحاظ سے نفیس جستجو ہے۔ حضور ﷺ کا پورا سفر حج احادیث مبارکہ اور اقوال وآثار صحابہ کے ذریعہ بیان کیا گیا ہے۔ اہل محبت کے لئے اس کتاب میں بڑی خوشبوئے دل آویز ہے۔ دارالعلوم سلطانیہ جہلم نے اسے شائع کیا ہے جبکہ یہ مکتبہ قادریہ داتا دربار مارکیٹ لاہور اور فرید بکسٹال اردو بازار لاہور سے دستیاب ہے۔ اس کتاب پر کچھ ہدیہ بھی درج ہے مگر ہمیں امید ہے کہ اہل ذوق ومحبت یہ کتاب خرید کر زیادہ تعداد میں مفت تقسیم کریں گے۔

عازمین حج اور حجاج کرام کے لئے اس کتاب کا مطالعہ نہایت مفید ہوگا۔

(بقیہ صفحہ ۸۳ پر)